BOARD USE ONLY:
Town/City/Ward/Dist: ____________________
Registration No: ____________
Party: ____________________
☐ voted in office

# نیو یارک اسٹیٹ قبل از وقت ڈاک سے بیلٹ کی درخواست

**براہ کرم جلی حروف میں واضح طور پر لکھیں۔** تفصیلی ہدایات دیکھیں

قبل از وقت ڈاک سے بیلٹ موصول کرنے کے لیے: **بذات خود** - درخواست آپ کے کاؤنٹی بورڈ آف الیکشنز کو زیادہ سے زیادہ انتخاب سے پہلے والے دن ذاتی طور پر حوالے کی جائے۔ **بذریعہ ڈاک** - درخواست آپ کے کاؤنٹی بورڈ آف الیکشنز کو انتخاب سے زیادہ سے زیادہ 10 ویں دن پہلے لازماً موصول ہو جائے۔
بیلٹ بذات خود آپ کے کاؤنٹی میں بورڈ آف الیکشنز کو زیادہ سے زیادہ یوم انتخاب کو پولنگ بند ہونے تک ذاتی طور پر حوالے کیا جائے، یا اس پر سرکاری ڈاک سروس کی طرف سے کم از کم انتخاب کے دن کا نشان ڈالا ہوا ہو اور انتخاب کے بعد زیادہ سے زیادہ 7 دنوں میں موصول ہو جائے۔

**.1** قبل از وقت ڈاک سے بیلٹ (بیلٹس) کی درخواست درج ذیل انتخاب (انتخابات) کے لیے کی گئی:
☐ صرف بنیادی انتخاب ☐ صرف عام انتخاب ☐ صرف خاص انتخاب ☐ اس سال سبھی انتخابات

**.2**

| آخری نام یا خاندانی نام | پہلا نام | درمیانی نام کا پہلا حرف | لاحقہ |
|---|---|---|---|
| | | | |

**.3**

| تاریخ پیدائش دن/ماہ/سال | کاؤنٹی جہاں آپ رہتے ہیں | فون نمبر (اختیاری) | ای میل (اختیاری) |
|---|---|---|---|
| | | | |

**.4**

| پتہ جہاں آپ رجسٹرڈ ہیں | اپارٹمنٹ | شہر | ریاست | زپ کوڈ |
|---|---|---|---|---|
| | | | NY | |

**.5** ابتدائی انتخاب والے بیلٹ کی حوالگی (ایک کو نشان زد کریں)
☐ بورڈ آف الیکشنز میں بذات خود میرے حوالے کریں
☐ میں (اصل نام): ____________________ کو بورڈ آف الیکشنز میں میرا بیلٹ لینے کا اختیار دیتا/دیتی ہوں
☐ بیلٹ مجھے ڈاک سے اس پتے پر بھیجیں : (ڈاک کا پتہ)

____________________________________________
گلی نمبر | گلی کا نام | اپارٹمنٹ | شہر | ریاست | زپ کوڈ

**.6** عام (یا خاص) انتخاب والے بیلٹ کی حوالگی (ایک کو نشان زد کریں)
☐ بورڈ آف الیکشنز میں بذات خود میرے حوالے کریں
☐ میں (اصل نام): ____________________ کو بورڈ آف الیکشنز میں میرا بیلٹ لینے کا اختیار دیتا/دیتی ہوں
☐ بیلٹ مجھے ڈاک سے اس پتے پر بھیجیں : (ڈاک کا پتہ)

____________________________________________
گلی نمبر | گلی کا نام | اپارٹمنٹ | شہر | ریاست | زپ کوڈ

## درخواست دہندہ لازماً نیچے دستخط کرے

**.7** میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میں اہل قرار یافتہ اور رجسٹرڈ (اور پرائمری کے لیے، اندراج یافتہ) ووٹر ہوں اور یہ کہ اس درخواست میں دی گئی معلومات درست اور صحیح ہیں اور کہ یہ درخواست ایک حلف نامہ کے مساوی کے بطور تمام مقاصد کے لیے قبول کی جائے گی، اور اگر یہ ٹھوس غلط بیان پر مشتمل ہو تو، مجھے اسی جرمانے کا مستوجب بنائے گی جس کا میں نے پوری طرح سے حلف لیا ہے۔

**یہاں دستخط کریں:** **X** ____________________ **تاریخ** ____/____/____
دن/ماہ/سال

اگر درخواست دہندہ بیماری، جسمانی معذوری یا پڑھنے کی عدم اہلیت کے سبب دستخط کرنے سے قاصر ہو تو، درج ذیل بیان پر لازماً عمل درآمد کیا جائے۔
اپنے نشان ثبت کر کے، جس کی معرفت ہذا پوری طرح سے گواہی دی گئی ہے، میں معرفت ہذا یہ بیان دیتا/دیتی ہوں کہ میں اعانت کے بغیر ابتدائی ڈاک سے بیلٹ کے لیے اپنی درخواست پر دستخط کرنے سے قاصر ہوں کیونکہ میں بیماری یا جسمانی معذوری کی وجہ سے لکھنے سے قاصر ہوں یا اس وجہ سے کہ میں پڑھنے سے قاصر ہوں۔ میں نے اپنے دستخط کے بدلے اپنا نشان ثبت کیا ہے، یا ثبت کرنے میں اعانت موصول کی ہے۔ (مختار نامہ یا پہلے سے پرنٹ شدہ نام کے مہر کی اجازت نہیں ہے۔ تفصیلی ہدایات دیکھیں۔)

تاریخ ____/____/____ دن/ماہ/سال ووٹر کا نام: ____________________ نشان: ____________

میں، زیر دستخطی، معرفت ہذا تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ مذکورہ بالا نام کے ووٹر نے میری موجودگی میں اس درخواست پر اپنے نشان ثبت کیے اور میں انہیں اسی فرد کی حیثیت سے جانتا/جانتی ہوں جس نے مذکورہ درخواست پر اپنے دستخط ثبت کیے اور میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ یہ بیان حلف نامہ کے مساوی کے بطور تمام مقاصد کے لیے قبول کیا جائے گا اور اگر یہ ٹھوس غلط بیان پر مشتمل ہو تو، مجھے اسی جرمانے کا مستوجب بنائے گا جس کا میں نے پوری طرح سے حلف لیا ہے۔

____________________ (نشان کے گواہ کے دستخط)

____________________
(نشان کے گواہ کا پتہ)

Board Use Only

**<u>ہدایات:</u>**

**قبل از وقت میل بیلٹ کے لیے کون درخواست دے سکتا ہے؟**
ہر شخص کو خود اپنے لیے درخواست دینا لازم ہے۔ قبل از وقت بیلٹ کے لیے درخواست میں غلط بیان دینا، غیر قانونی ووٹ ڈالنے کی کوشش کرنا، یا غیر قانونی ووٹ ڈالنے میں کسی کی مدد کرنا سنگین جرم ہے۔

**ملٹری اور بیرون ملک ووٹرز کے لیے معلومات:**
اگر آپ قبل از وقت ڈاک سے بیلٹ کے لیے اس وجہ سے درخواست دے رہے ہیں کہ آپ یا آپ کی فیملی ملٹری میں ہیں یا اس وجہ سے کہ آپ فی الحال بیرون ملک رہتے ہیں تو، یہ درخواست استعمال نہ کریں۔ اگر آپ فیڈرل پوسٹ کارڈ ایپلیکیشن (Federal Postcard Application, FPCA) کا استعمال کرتے ہوئے درخواست دیتے ہیں تو آپ خصوصی قانونی التزامات کے مستحق ہیں۔ ملٹری/بیرون ملک ووٹنگ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، اپنے مقامی بورڈ آف الیکشنز سے رابطہ کریں یا اسٹیٹ بورڈ آف الیکشنز کی درج ذیل ویب سائٹ پر ملٹری اور بیرون ملک ووٹنگ (Military & Overseas Voting) کے سیکشن سے رجوع کریں:
https://elections.ny.gov/military-and-overseas-federal-voting

**اپنی درخواست کہاں اور کب واپس کریں:**
قبل از وقت ڈاک سے بیلٹ کے لیے جو درخواستیں ووٹر یا ووٹر کے ایجنٹ کے ذریعے لی جاتی ہیں وہ بذات خود کاؤنٹی بورڈ آف الیکشنز کو زیادہ سے زیادہ انتخاب سے قبل والے دن لازماً جمع کرا دی جائیں۔ بذریعہ ڈاک جمع کرائی گئی درخواستیں یا قبل از وقت ڈاک سے بیلٹ کے لیے جو درخواستیں ووٹر کو ڈاک سے بھیجنی ہیں وہ کاؤنٹی بورڈ آف الیکشنز کو زیادہ سے زیادہ انتخاب سے 10 دن پہلے لازماً موصول ہو جائیں۔ اگر آپ کے کاؤنٹی بورڈ آف الیکشنز کا پتہ اس فارم پر فراہم نہیں کیا گیا ہو تو، آپ کے مقامی دفتر انتخاب کا پتہ نیو یارک اسٹیٹ بورڈ آف الیکشنز کی ویب سائٹ پر درج ذیل پتے پر مل سکتا ہے:
https://publicreporting.elections.ny.gov/CountyBoardRoster/CountyBoardRoster

**اگر آپ کو کوئی بیماری یا معذوری ہے تو آپ کے لیے دستیاب اختیارات:**
آپ قبل از وقت بیلٹ کی درخواست پر خود دستخط کر سکتے ہیں، یا آپ اپنا نشان ثبت کر سکتے ہیں اور درخواست کے نچلے حصے میں فراہم کردہ جگہوں پر اپنے نشان کی گواہی دلوا سکتے ہیں۔ براہ کرم نوٹ کر لیں کہ ووٹنگ کے کسی بھی مقصد کے لیے مختار نامہ یا پرنٹ شدہ نام کی مہر کی <u>اجازت نہیں ہے</u>۔

پرنٹ کی معذوری والے ووٹرز، جس سے مراد کوئی ایسی معذوری ہے جو پرنٹ شدہ مواد کو مؤثر طور پر پڑھنے، لکھنے یا استعمال کرنے میں خلل ڈالتی ہے، اور جس کے لیے قابل رسائی خصوصیات والے بیلٹ کی ضرورت پڑ سکتی ہے نیو یارک اسٹیٹ بورڈ آف الیکشنز کی ویب سائٹ پر درج ذیل پتے پر قابل رسائی بیلٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں: https://ballotapplication.elections.ny.gov/home/accessible

**آپ کا بیلٹ کب بھیجا جائے گا:**
آپ کے قبل از وقت ڈاک سے بیلٹ کے مٹیریل وفاقی، ریاستی، کاؤنٹی، شہر ی یا قصبہ کے جن انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے آپ اہل ہیں ان انتخابات سے 46 دن پہلے بھیجنا شروع کر دیے جائیں گے۔ اگر آپ نے اس تاریخ کے بعد درخواست دی تو، آپ کی مکمل کردہ اور دستخط کردہ درخواست موصول ہونے کے بعد آپ کا بیلٹ فوری طور پر بھیج دیا جائے گا اور آپ کے مقامی بورڈ آف الیکشنز کے ذریعے اس پر کارروائی کی جائے گی۔ اگر آپ پسند کریں تو، آپ سیکشن 6 اور/یا سیکشن 7 میں، حسب مناسبت مطلوبہ معلومات مکمل کر کے، اپنے لیے بیلٹ لینے کے لیے کسی کو نامزد کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو ابھی تک بیلٹ موصول نہیں ہوا ہے تو، اپنے مقامی کاؤنٹی بورڈ آف الیکشنز سے رابطہ کریں۔